نومبر 2006 قیمت 15 روپے

ماہنامہ معالج کراچی

1984 سے شائع ہونے والا منفرد ہومیوپیتھک جریدہ



ہومیوپیتھک ادویات کے معروف امپورٹر دارالادویات کے جناب شفاعت حسین انتقال کر گئے۔

ہومیو پیتھک دوا
آرم میٹ
ڈاکٹر ہینیمین کی تصنیف میٹریا میڈیکا پیورا سے انتخاب۔





امراض جگر اور ہومیوپیتھک ادویات۔



بریسٹ کینسر اور ہومیوپیتھی
ڈاکٹر اعجاز علی کی تحریر۔

بایوکیمک نمکیات کے مختصر خواص ڈاکٹر محمد کامل تحریر کرتے ہیں۔

قومی کونسل برائے ہومیوپیتھی حکومت پاکستان نے DHMS کے سالانہ امتحانات 2006 کے نتائج کا اعلان کر دیا۔

اسکے علاوہ
ڈاکٹر امجد علی جعفری کے قلم سے۔
جوڑوں کی درمیانی تھیلی کا ورم
اور دیگر مستقل سلسلے

Scanned with Ca

نومبر 2006
قیمت: =/15

ماہنامہ
معالج
کراچی

1984 سے شائع ہونے والا منفرد ہومیوپیتھک جریدہ

جلد 23
شمارہ نمبر 9

ایڈیٹر
منصور یوسف

معاون ایڈیٹر
فرزانہ صدیقی

مجلس ادارت
ڈاکٹر بلقیس بانو مغل
ڈاکٹر افضال احمد عثمانی
ڈاکٹر اطہر عادل لاہری
ڈاکٹر محمد اسلم بھٹی

شعبۂ اشتہارات
شہباز علی

پبلشر
منصور یوسف

مطبوعہ
ایم پریس پرنٹرز

اس شمارے میں

نومنتخب اراکین کونسل سے گزارش	اداریہ	2
بریسٹ کینسر ریڈیوتھراپی	ڈاکٹر اعجاز علی	3
جوڑوں کے درمیانی تھیلی کا ورم	ڈاکٹر امجد علی جعفری	7
اوورم (سونا)	ڈاکٹر لیاقت علی راجپوت	9
موٹاپا (انٹرویو)	ڈاکٹر ذیشان اختر	11
بایوکیمک نمکیات کے خواص	ڈاکٹر محمد کامل	14
امراض جگر اور ادویات	ڈاکٹر کاشف عمران	20
لیکوریا	ڈاکٹر اظہر اکرم	23
کلینیکل ٹپس	ڈاکٹر خالد محمود	26
طبی خبریں	ادارہ	27
معالج کی ڈاک	ادارہ	29
مشورہ کلینک	ڈاکٹر سید شاہد اختر زیدی	31
قارئین کے خطوط	ڈاکٹر فرزانہ صدیقی	33
ہومیو نیوز	ادارہ	36
گیسٹ ہومیو پیتھک فارمیسی	افطار پارٹی	40

معالج کے ممبر بننے کا طریقہ کار

معالج کے سالانہ ممبر بننے کے لئے عام ڈاک سے 150 روپے بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک 300 روپے جب کے بیرون ممالک معالج کے قارئین 700 روپے پاکستانی کا بینک ڈرافٹ یا پوسٹل آرڈر ماہنامہ معالج کے نام ارسال فرمائیں رقم وصول ہونے کے بعد آپ کے نام معالج جاری کر دیا جائے گا۔

Monthly Mualij Karachi
Aram Bagh Road, Karachi. Pakistan
Tel: 092 - 21 - 2628814 Fax: 092 - 21 - 2628107
E-mail: meharkhp@khi.comsats.net.pk

Scanned with Ca

ہومیو پیتھک ڈاکٹر اعجاز علی۔
راولپنڈی۔

بریسٹ کینسر ریڈیو تھراپی
اور
ہومیو پیتھی

دوستو! اعجاز علی آپ کی خدمت میں ایک بار پھر حاضر ہے ایک نئے اور اچھوتے سبجکٹ کے ساتھ، ویانا یونیورسٹی کے ڈیپارٹمنٹ آف ریڈیو تھراپی اور ریڈیو بیالوجی کے تحت ہومیو پیتھس کے ساتھ مل کر ایک Aprospective observational study پروگرام ترتیب دیا گیا جس میں کینسر کے مریضوں خاص طور پر خواتین کے چھاتی کے کینسر میں ریڈیو تھراپی کے سائیڈ ایفکٹس کو مدنظر رکھتے ہوئے ہومیو پیتھی ادویات کے استعمال پر ایک تحقیقی ورک کیا گیا جس کے نتائج چوراسی فیصد کامیاب رہے۔ ہم اپنے قارئین کی خدمت میں اس تحقیقی ورک کا نچوڑ پیش کرنے جا رہے ہیں۔

یورپ میں ریڈیو تھراپی کے بدنتائج کو ہومیو پیتھک ادویات سے دور کرنے کا اب عام رواج ہے۔

قارئین! جنوری 2002 میں اس پروگرام کا آغاز کیا گیا، مسلسل مریضوں پر تجربات و مشاہدات کا سلسلہ لگ بھگ ایک سال تک جاری رہا، اگست 2003 میں اس تحقیقی ورک کو شائع کروانے کا پروگرام برٹش فیکلٹی آف ہومیو پیتھی، انگلینڈ کو پیش کیا گیا۔ انگلینڈ کے محققین برائے برٹش فیکلٹی آف ہومیو پیتھی نے اس ورک کی جانچ پڑتال کی اور آخر کار 21 جون 2004 کو کمیٹی کے ارکان نے اس تحقیقی ورک کو مستند قرار دیتے ہوئے اس کی اشاعت کی منظوری دے ڈالی۔ اکتوبر 2004 کو اس ورک کا تحقیقی کام شائع کر دیا گیا۔

ہم غیر ضروری، اور تکنیکی چیزوں کو الگ کرتے ہوئے آزاد ترجمے کی صورت میں اپنے ہم وطن ہومیو پیتھس کے لئے اس ورک کا وہ حاصل پیش کر رہے ہیں جس کی نہج کو سامنے رکھتے ہوئے وہ اپنے ایسے مریض جو کہ کینسر کے علاج میں ریڈیو تھراپی کے مراحل سے گزر رہے ہیں ان کی ہومیو پیتھک ادویات کے ذریعے بہتر خدمت کر سکنے کے قابل ہو سکیں گے۔

پہلا کیس:۔

7 مارچ 2002 کو ایک باسٹھ سالہ خاتون جو کہ چھاتی کے کینسر کے پہلے درجے میں مبتلا تھی قابل معالجین نے اس کے آپریشن کے بعد Radation کا علاج تجویز کیا، شعاع بیزی کے اس عمل سے اس خاتون کے دائیں چھاتی Right breast جو کہ کینسر زدہ تھی، تیرہ روز کے بعد تکلیف کی لپیٹ میں آ گئی تکلیف کی شدت، ایک عجیب قسم کی خارش کی صورت میں تھی جس نے مریضہ کو بے حال کر دیا، مریضہ کو ہسپتال کی طرف سے چھاتی پر لگانے کے لئے مختلف مرہم وغیرہ فراہم کی گئیں لیکن مریضہ کو کسی قسم کا افاقہ نہ ہوا، ایک معالج کی رائے کے مطابق Steroid ointment کا استعمال کیا گیا لیکن اس نے عارضی طور پر متاثرہ جگہ پر جلن کو ٹھنڈک پہنچائی، بعد میں تکلیف مزید بڑھ گئی، ریڈیو تھراپی کے بیسویں مرحلے پر تو مریضہ کی حالت انتہائی بگڑ گئی، متاثرہ مقام پر جلد خشک ہو کر رہ گئی، خشکی ساتھ وہاں گرمی اور خارش کا عمل پاگل کر دینے کی حد تک بڑھ گیا، رات کے وقت بستر کی گرمی سے یہ تکلیف دو چند ہو جاتی اور ساتھ ہی گرمی کی لہریں اور پسینے بھی آنے لگے..... کیس کو ہومیو پیتھس کے ہاں ریفر کر دیا گیا، قابل ہومیو پیتھس کے ایک بورڈ نے اس کیس کو دیکھا اور ابتدائی وزٹ پر مریضہ میں جلد کی تکلیف میں گرمی سے اضافہ اور ٹھنڈے پانی سے آرام کو مدنظر رکھتے ہوئے مریضہ کو ہومیو پیتھک دوا Fagopyrum 30 تجویز کی گئی..... لیکن اگلے پھیرے پر جب مریضہ لوٹ کر آئی تو اس نے بتایا کہ اُسے کسی قسم کا فائدہ نہیں ہوا.....

مریضہ کے جواب کو مثبت نہ پاتے ہوئے اس کیس کو کمپیوٹر

Scanned with Ca

سافٹ ویئر پر ریپرٹرائز کرنے کا فیصلہ کیا گیا اس مقصد کے لئے دنیا کا جدید ترین ہومیو پیتھک کمپیوٹر سافٹ ویئر میک ریپرٹری پروگرام برائے وندوا استعمال کیا گیا (اپنے قارئین کے لئے ہم وضاحت کرتے چلیں کہ ہم نے ذاتی طور پر کئی قسم کے ہومیو پیتھک سافٹ ویئر مثلاً ریڈار، کارا پروفیشنل، ہومیو پیتھ ایٹ، مرکیورس اور میک ریپرٹری پروگرام وغیرہ پر کام کیا لیکن میک ریپرٹری پروگرام میں بعض جہتیں ایسی ہیں کہ جو کہ اسے باقی ذکر کردہ پروگرامز سے برتر رکھے ہوئے ہیں۔

اس مقصد کے لئے ماہرین نے درج ذیل علامتوں کا انتخاب کیا۔

O Skink Erupations Red


O Skin Itching, cold amel

O Generalities , Warmth, agg

O Skin, Itching

O Generalities, Lassitude,general

درج بالا علامتوں کے لئے میک ریپرٹری پر جو نتائج حاصل ہوئے اس کا تجزیہ درج ذیل ہے۔



درج بالا علامات کے تجزیہ کی روشنی میں، مریضہ کو فلورک ایسڈ تیس طاقت میں صرف ایک خوراک دی گئی، صاحبو! آپ حیران ہوں گے کہ محض تیس طاقت کی صرف ایک خوراک سے مریضہ کو حیرت انگیز طور پر فائدہ ہوا، گزشتہ کئی روز سے ریڈیو تھراپی سے اس کو جو شکایت لاحق تھی وہ قطعی طور پر ختم ہو کر رہ گئیں۔ بعد میں اس مریضہ کو مزید کئی روز تک مشاہدہ میں رکھا گیا..... لیکن دوبارہ اسے یہ تکلیف نہیں ہوئی۔

دوسرا کیس:۔

17 ستمبر 2002، ہومیو پیتھس کے اس بورڈ کو ایک 59 برس کی خاتون کو ریفر کیا گیا جسے دائیں چھاتی میں کینسر تھا جسے آپریشن کے ذریعے نکال دیا گیا اور اب اس کی ریڈیو تھراپی شروع تھی کہ ایک ماہ بعد شعاع بیزی کے پچیسویں مرحلے پر اس کو متاثرہ مقام پر شدید خارش جو کہ ناقابل برداشت تھی شروع ہوگئی۔ اس مریضہ کو بھی ابتدائی مرحلے پر مختلف مرہم وغیرہ استعمال کرائی گئیں لیکن نتائج حوصلہ افزاء نہیں تھے، ہومیو پیتھس نے جب اس مریضہ سے سوال جواب کئے تو پتہ چلا کہ دائیں چھاتی میں ناقابل برداشت خارش ہے، اس پر ٹھنڈی ٹھنڈی کریم یا مرہم وغیرہ لگانے پر عارضی طور پر کچھ سکون ملتا ہے مریضہ کی تکلیف کے پیش نظر ریڈیو تھراپی کے عمل کو ترک کر دیا گیا لیکن اس کے باوجود اسے بہر حال تکلیف تھی، دوا کی تجویز کے لئے درج ذیل علامات کا انتخاب کیا گیا۔


O Skink Erupations Itching

O Skin Dryness

O Skindiscoloration red

O Skin, Itching, cold amel

میک ریپرٹری پر اس کیس کا جو تجزیہ کیا گیا وہ درج ذیل ہے۔



درج بالا Repertorial Analysis کے مطابق Bellis Perennis اور فلورک ایسڈ دو ایسی ادویات ہیں جو کے

Scanned with Ca

مقابلے کی اس دوڑ میں برابر کی شامل ہیں، جبکہ گریفائیٹس، سلفر، رہسٹاکس وغیرہ اس سے کم درجے میں ان سے ذرا پیچھے چل رہی ہیں، سابقہ تجربات کی روشنی میں فلورک ایسڈ کو ہی استعمال کرنے کا فیصلہ کیا گیا، علاوہ ازیں تجزیاتی گراف میں بھی اس کا نمبر بہرحال باقی ادویات سے زیادہ ہے اگرچہ بیلس پرینیس اس کے برابر ہے۔

فلورک ایسڈ تیس طاقت کی محض ایک خوراک دی گئی۔ صرف ایک روز کے بعد ہی نتائج حیرت انگیز تھے۔ مریضہ کو فائدہ ہی فائدہ تھا، مزید کئی روز تک اس مشاہدہ کو جاری رکھا گیا، فائدے کا یہ تسلسل مستقل تھا

تیسرا کیس:۔

فروری 2003ء کا ذکر ہے کہ ایک 44 سالہ عورت کو ریڈیو تھراپی کے اثرات بد کے نتائج کے ساتھ ویانا یونیورسٹی نے ہومیوپیتھس کے پاس ریفر کیا۔ اس خاتون کو ریڈیو تھراپی کے انیس سیشنوں کے بعد دیکھا گیا، اس خاتون کا بایاں پستان کینسر کا شکار ہوا تھا۔ خارش کر کر کے اس خاتون کی جلد چھل چکی تھی، گرمائش سے اس کی تکلیف دگنی ہو جاتی تھی، جبکہ غسل خانے میں ٹھنڈے پانی کا شاور لینے سے بہت حد تک اس کی تکلیف میں کمی واقع ہو جاتی، متاثرہ مقام کی رنگت کافی حد تک سرخ تھی۔ درج ذیل علامات کا چناؤ عمل میں آیا۔ سابقہ تجربات کی روشنی نے اس خاتون کو بھی فلورک ایسڈ ہی 30 طاقت میں دی گئی۔ نتائج بہتر اور سکون بخش تھے لیکن اتنے نہیں جتنی توقع تھی تاہم مزید چند دن کے فالواپ میں درج ذیل علامات کا مجموعہ لے کر کیس کو دوبارہ میک ریپرٹری پروگرام پر چلایا گیا۔

O Skin Erupations, Itching

O Skin Eruptios, Itching , Warmth agg bed of .

O Skin Rough

O Skin discoloration Red

O Skin Itching, cold amel

تین روز بعد اس مریضہ کا دوبارہ معائنہ کیا گیا، مجموعی طور پر مریضہ بہتر اور خوش تھی اب کی مرتبہ مریضہ کو جو دوا دی گئی وہ رہسٹاکس تھی مزید اگلے چند یوم میں مریضہ قطعی طور پر نارمل زندگی میں داخل ہو چکی تھی۔ فالواپ میں ریپرٹری کا جو تجزیاتی گراف بنا اس کی تفصیل درج ذیل ہے۔



حاصل مشاہدہ تجربات کا نچوڑ.....

دور حاضر کے یورپین ہومیوپیتھس کا تجربہ و مشاہدہ ہے کہ ریڈیو تھراپی کے اثرات بد کے نتائج کی درستگی کرنے کے لئے ہومیوپیتھک ادویات کا کردار بے مثال ہے اور اس میں کامیابی کا تناسب تقریباً پچاسی پرسنٹ ہے This is very high success rate حالانکہ ان مریضوں نے ریڈ تھراپی کے ساتھ ساتھ تند و تیز قسم کی Antihistmines اور Steroid گروپ کی ادویات بھی استعمال کر رکھی تھی۔

ریڈیو تھراپی کے نتیجے میں جلد پر جن علامتوں کا مجموعہ سامنے آیا وہ ہم گزشتہ سطور میں، درجنوں کیسوں میں سے تین کیس بطور مثال پیش کر چکے ہیں۔ جلد کی رنگت میں تبدیلی کے لئے تقریباً دو سو پچیس ادویات جبکہ Skin Eruptions Itching کے لئے ایک سو چوراسی ادویات نمایاں ہیں لیکن ٹھنڈک جیسی آرام دینے والی علامت لگانے پر ان ادویات کا دائرہ کار محدود ہو کر رہ گیا ہے مثلاً

Bell.p; berb.v; calad; fago; Fl-ac and Sarcolatic acid

ان کیسوں میں فوری ضرورت کے تحت مقامی نوعیت کی

Scanned with Ca

علامتوں کے سہارے علاج کرنے کی کوشش کی گئی اور تقریباً 56% کیسوں میں جس دوا نے سب سے زیادہ فائدہ کیا وہ فلورک ایسڈ نامی دوا ہے (یقیناً پاکستان کا ہر ہومیو پیتھ اس دوا سے ضرور آگاہی رکھتا ہے لیکن اس کا یہ رنگ شاید ان کے علم میں نہ ہو کہ یہ دوا ریڈیو تھراپی کے اثرات بد کو ختم کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے)

ریڈیو تھراپی کے حوالے سے چند ایک کیسوں میں فلورک ایسڈ کے علاوہ جن چند ادویات نے شفایابی میں اہم کردار ادا کیا ان کی تعداد سات آٹھ کے قریب ہے اس کے لئے ماہرین نے ایک Table بنایا جو کہ درج ذیل ہے۔

Table

Remedies successfully employed for radiation induced with their origin and miasmatic nature.

Remedy	Origin	Misam
Calad	Plant	Malaria
Caust	Mineral	Sycosis
Fl.ac	Mineral	Syphilitic
Ign	Plant	Cancer
Kali-bich	Mineral	Sycosis
Psor	Animal	Leprosy
Rhus.tox	Palnt	Typhoid

مقامی نوعیت کی علامتوں کے علاوہ جہاں کہیں مرض کے اندر کوئی انفرادی نوعیت یا اسباب کے لحاظ سے کوئی چیز ملی تو وہاں اس کی بنیاد پر ہی دوا کی تجویز کو مقدم سمجھا گیا اور بہتر نتائج نوٹ کئے گئے مثلاً ایک خاتون جس کے بھائی کی ڈیتھ ہو چکی تھی، اس کی غم کی ہسٹری، ایک اور خاتون جس کا نومولود بچہ وفات پا گیا تھا ایک ایسی خاتون جس کے خاوند کا انتقال ہو گیا تھا جس کا اس نے بہت زیادہ صدمہ لیا، ایک اور خاتون جس کی بیٹی نے خودکشی کر لی تھی ان کیسوں میں اگنیشیا کا استعمال کروایا گیا۔

اسی طرح جن خواتین میں اپنے رشتہ داروں کیساتھ کچھ جذباتی نوعیت کی الجھنیں پائی گئیں ان کو کاسٹیکم سے فائدہ ہوا۔

☆.....☆.....☆

اظہار تشکّر

گزشتہ دنوں میری والدہ محترمہ رحلت فرما گئیں اس موقع پر جن ڈاکٹر صاحبان، دوست، احباب اور قارئین معالج نے ذاتی طور پر، بذریعہ خط یا ٹیلی فون یا معالج کے ذریعے اظہار تعزیت کیا اور مرحومہ کے لئے دعائے مغفرت و فاتحہ خوانی کی۔

میں ان تمام دوست و احباب، قارئین معالج و ڈاکٹر صاحبان کی تہہ دل سے شکر گزار ہوں کہ آپ سب میرے غم میں شریک ہوئے۔ چونکہ فرداً فرداً تمام احباب کا شکریہ ادا کرنا ممکن نہیں لہذا ان سطور کے ذریعے میں ایک بار پھر آپ سب کا شکریہ ادا کرتی ہوں اور امید کرتی ہوں کہ آپ اپنی دعاؤں میں مجھے اور میرے مرحوم والدین کو یاد رکھیں گے۔

شکریہ

فرزانہ صدیقہ معاون ایڈیٹر

☆☆☆

معالج میں شائع ہونے والے مضامین مصنفین کے تجربات و مشاہدات اور محنت شاقہ کا نچوڑ ہوتے ہیں۔ لیکن اگر کوئی پہلو جس پر آپ اختلاف رائے رکھتے ہوں تو اس سلسلے میں صاحب مضمون سے رابطہ قائم کریں۔ (ادارہ)

ماہنامہ معالج کا مطالعہ آپ کی معلومات میں اضافہ کا باعث ہے۔ اس کا مطالعہ خود بھی کیجئے اور اپنے دوستوں کو بھی ترغیب دیجئے۔

Scanned with Ca